efu GENERAL

ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ

اطلاع اجلاس

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا ۹۱واں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعرات ۲۸ مارچ ۲۰۲۴ء کو صبح ۱۱:۳۰ بجے اور بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار آئی ایس ای آڈیٹوریم، آئی ایس ای ٹاورز، ۵۵۔بی، جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد میں مندرجہ ذیل کارروائی کے لئے منعقد کیا جارہا ہے:

الف۔ عمومی کارروائی

۱۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۳ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈٹ شدہ مالی حسابات (مجموعی اور غیر مجموعی) کی وصولی، ان پر غور وخوض اور ان کی منظوری مع ان پر چیئرمین کا جائزہ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس۔

۲۔ حتمی منافع منقسمہ بشرح ۵۵ فیصد یعنی ۵۵۰ روپے فی شیئر کی ادائیگی پر غور وخوض اور اس کی منظوری جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے سفارش کی گئی ہے اور ۳۱ دسمبر ۲۰۲۳ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے پہلے ہی سے شیئر ہولڈرز کو ادا کئے جانے والے عبوری نقد منافع منقسمہ بشرح ۴۵ فیصد یعنی ۴۵۰ روپے فی شیئر کی منظوری۔

۳۔ آئندہ سالانہ اجلاسِ عام کے اختتام تک کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سال ۲۰۲۴ء کیلئے کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو کمپنی کا آڈیٹرز مقرر کرنے کی سفارش کی ہے جیسا کہ آڈٹ کمیٹی کی جانب سے سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز ای وائی فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی جگہ ان کا نام تجویز کیا گیا تھا۔ ای وائی فورڈ رہوڈز نے سال ۲۰۲۴ء کیلئے بطور آڈیٹرز فرائض انجام دینے کی خواہش ظاہر نہیں کی تھی کیونکہ وہ اپنے آڈٹ طریقہ کار کی ری۔اسٹرکچرنگ اور تنظیم نو کررہے ہیں اور اسی وجہ سے وہ پاکستان میں کام کرنے والے ای وائی گلوبل کلائنٹس اور محدود صنعتی شعبوں پر توجہ دے رہے ہیں۔

ب۔ خصوصی کارروائی

۴۔ درج ذیل قراردادوں پر بطور خصوصی قرارداد غور وخوض اور درست پانے کی صورت میں ان کی منظوری دینا:

''قرار پایا کہ ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ (دی ''کمپنی'') کے ممبران کی اجازت حاصل کی جائے اور بذریعہ ہٰذا حاصل کی جاتی ہے جس کے مطابق کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۹۹ اور دیگر مروجہ شقوں کے مطابق اور کمپنی کو بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ ذیلی کمپنی ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ (''ای ایف یو لائف'') میں وقتاً فوقتاً ۱،۰۰۰،۰۰۰،۰۰۰ روپے (ایک بلین روپے صرف) کی سرمایہ کاری ہر ایک ۱۰/- روپے کی ظاہری مالیت کے عمومی شیئرز کی خریداری پر صرف کرے جو اسٹاک ایکسچینج میں خریداری کی تاریخ پر مقررہ نرخوں پر ممبران کے سامنے واضح کردہ شرائط وضوابط اور قرارداد کے مطابق کی جائے اور یہ خصوصی قرارداد کو منظور کرنے کی تاریخ سے ۳ سال کے مدت کیلئے کارآمد ہوگی۔''

''مزید قرار پایا کہ مینجنگ ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر یا کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ انفرادی طور پر درج بالا سرمایہ کاری کو یقینی بنانے کیلئے تمام قانونی اور کارپوریٹ کارروائیوں کو پورا کرنے کے لئے مجاز ہیں۔''

۵۔ صدر اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

اجلاس ہٰذا کے نوٹس کے ساتھ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴ (۳) (b) کے تحت منسلکہ ایک بیان ممبران کو ارسال کیا جارہا ہے:

الف۔ قراردادوں سے متعلق تمام ضروری حقائق نوٹس کے آئٹم نمبر ۴ میں شامل کردیئے گئے ہیں۔

ب۔ منسلکہ کمپنی میں سرمایہ کاری کی سابق منظوری کی حیثیت۔

حسب الحکم بورڈ

امین پنجانی
کمپنی سیکریٹری

کراچی:
۲۸ فروری ۲۰۲۴ء

نوٹس:

۱۔ سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار شرکت

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ وضاحت کی روشنی میں سرکلر نمبر ۴، بابت ۲۰۲۱ء کے تحت جاری ہدایت کے تحت الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعے اجلاسِ عام میں کسی ممبر کی شرکت ایک معمول کا طریقہ کار ہے۔ کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز کو وڈیو لنک کے ذریعے بھی اجلاس میں شرکت کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ ممبران کی اجلاس میں آن لائن شرکت کی ذیل میں درج رہنما ہدایات پر عملدرآمد کے تحت حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

وہ شیئر ہولڈرز جو سالانہ اجلاسِ عام میں بذریعہ وڈیو لنک شرکت کے خواہشمند ہوں، ان سے درخواست ہے وہ ذیل میں درج معلومات ہمارے کمپنی سیکریٹری کو ای میل ایڈریس amin.punjani@efuinsurance.com پر سالانہ اجلاسِ عام کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل یعنی بدھ ۲۷ مارچ ۲۰۲۴ء کو صبح ۱۱:۳۰ بجے تک فراہم کردیں۔

فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	نام	سی این آئی سی نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

شیئر ہولڈرز کی جانب سے مذکورہ بالا معلومات کی وصولی پر کمپنی ان کو لاگ اِن کی تفصیلات ان کے ای میل ایڈریس پر ارسال کردے گی جس کے ذریعے وہ بروز جمعرات ۲۸ مارچ ۲۰۲۴ء کو صبح ۱۱:۳۰ بجے بذریعہ وڈیو کانفرنس مذکورہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرسکیں گے۔

۲۔ ہر وہ ممبر جسے اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے وہ اپنی جگہ شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ پراکسی کا فارم اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں لازماً جمع کرادیا جائے۔

۳۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کیلئے شرکت کرنے اور پراکسی کے تقرر کے سلسلے میں ہدایات تمام ممبرز کو ارسال کی جارہی ہیں۔

۴۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ۲۲ مارچ ۲۰۲۴ء تا ۲۸ مارچ ۲۰۲۴ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفرز جو باقاعدہ مکمل صورت میں ۲۱ مارچ ۲۰۲۴ء کو اوقات کار کے اختتام تک ہمارے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک۔بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔۷۴۴۰۰ کو وصول ہوجائیں گے انہیں اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کی غرض سے اور منافع منقسمہ کے استحقاق کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

۵۔ ممبران سے درخواست ہے کہ جن ممبران کے اکاؤنٹس سی ڈی سی بنک انٹری سیکیورٹیز میں ہیں وہ متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسپنٹس کو اور فزیکل شیئرز کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل کے مطابق مطلع کریں/دستاویز جمع کرائیں اگر یہ پہلے فراہم نہ کی گئی ہوں/مطلع نہ کیا گیا ہو:

اے۔ ان کے پتوں میں تبدیلی؛

بی۔ انفرادی اشخاص کی صورت میں کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) اور انفرادی شخص اور کارپوریٹ اداروں دونوں کے لئے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) کی کارآمد اور درست نقول۔

۶۔ الیکٹرونک منافع منقسمہ مینڈیٹ

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۴۲ کے تحت تمام لسٹڈ کمپنیوں کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد منافع منقسمہ بذریعہ صرف الیکٹرونک طریقہ کار براہ راست استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ ان کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کرادیں۔

اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست منافع منقسمہ کی وصولی کے لئے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ سالانہ رپورٹ میں دستیاب اور کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب نقد منافع منقسمہ کے الیکٹرونک کریڈٹ کے لئے دستیاب بینک مینڈیٹ فارم کو بھریں (اگر پہلے فراہم نہیں کئے گئے) اور اسے باقاعدہ دستخط شدہ صورت میں سی این آئی سی کی ایک کاپی کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک۔بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔۷۴۴۰۰ کو فزیکل شیئرز ہونے کی صورت میں جمع کرادیں۔

شیئرز کے سی ڈی سی کے پاس ہونے کی صورت میں الیکٹرونک منافع منقسمہ کے مینڈیٹ کا فارم براہِ راست شیئر ہولڈرز کے بروکرز/پارٹیسپینٹ/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز جو بھی صورت ہو کو جمع کرادیا جائے۔

معلومات کی عدم وصولی کی صورت میں کمپنی شیئر ہولڈرز کو منافع منقسمہ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

۷۔ کارآمد سی این آئی سی کا جمع کرانا (لازمی)

ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق ان شیئر ہولڈرز کے منافع منقسمہ کے وارنٹس جن کے کارآمد سی این آئی سیز شیئر رجسٹرار کے پاس دستیاب نہیں ہیں، روک لئے جاسکتے ہیں۔ لہٰذا فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل تمام شیئر ہولڈرز کو ہدایت دی جاتی ہے کہ اگر انہوں نے ابھی تک اپنے کارآمد سی این آئی سیز کی فوٹو کاپی جمع نہیں کرائی ہے تو اسے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل پتے پر سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک۔بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔۷۴۴۰۰ کو مزید کسی تاخیر کے فوری جمع کرادیں۔

۸۔ زکوٰۃ ڈیکلریشن (CZ-50)

منافع منقسمہ سے زکوٰۃ کی کٹوتی زکوٰۃ وعشر قوانین کے تحت سورسز پر مہا کی جائے گی اور متعلقہ اتھارٹی کے پاس مقررہ مدت کے اندر اسے جمع کرادیا جائے گا۔ اگر آپ کلیم سے استثنیٰ چاہتے ہیں تو براہِ مہربانی زکوٰۃ وعشر آرڈیننس ۱۹۸۰ اور زکوٰۃ (کٹوتی وریفنڈ) رولز ۱۹۸۱ کے رول ۴ کے تحت اپنا زکوٰۃ ڈیکلریشن جمع کرادیں۔ CZ-50 فارم ہمارے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک۔بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔۷۴۴۰۰ یا سی ڈی سی میں بنک انٹری سیکیورٹیز کی صورت میں متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسپینٹس کے پاس جمع کرائے جائیں۔ شیئر ہولڈرز زکوٰۃ ڈیکلریشنز ارسال کرتے وقت لازماً کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر یا فولیو نمبر درج کریں۔

۹۔ منافع منقسمہ کی رقم پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

ایس ای سی پی کی ہدایات بمطابق سرکلر نمبر ۱۹/۲۰۱۴ مورخہ ۲۴ اکتوبر ۲۰۱۴ء کے تحت ایس ای سی پی نے تمام کمپنیوں کو احکامات جاری کئے تھے کہ انکم ٹیکس آرڈیننس کی دفعہ ۱۵۰ میں کی گئی تبدیلیوں کے بارے میں شیئر ہولڈرز کو آگاہ کریں۔ ہم بذریعہ ہٰذا شیئر ہولڈرز کو درج ذیل کے مطابق آگاہ کررہے ہیں:

i) حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ ۲۰۱۹ کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ کی دفعہ ۱۵۰ میں چند ترامیم کی تھیں جن کے ذریعے کمپنیز کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع منقسمہ کی رقم پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لئے مختلف ریٹس مقرر کئے گئے ہیں یہ ٹیکس ریٹس درج ذیل کے مطابق ہیں:

اے۔ انکم ٹیکس گوشواروں کے فائلرز کے لئے ۱۵ فیصد

بی۔ انکم ٹیکس گوشواروں کے نان۔فائلرز کے لئے ۳۰ فیصد

کمپنی کو نقد منافع منقسمہ کی رقم پر ٹیکس کی کٹوتی ۳۰ فیصد کے بجائے بشرح ۱۵ فیصد کی شرح سے کٹوتی کرنے کا اہل بنانے کے لئے وہ تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام فائلرز ہونے کے باوجود ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) پر موجود نہیں ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کی تاریخ سے قبل اے ٹی ایل پر اپنے ناموں کی موجودگی کو یقینی بنائیں بصورتِ دیگر ان کے منافع منقسمہ پر ٹیکس کی کٹوتی ۱۵ فیصد کے بجائے ۳۰ فیصد کی شرح سے کی جائے گی۔

ii) شیئرز کے دو یا زائد شیئر ہولڈرز کے نام پر رجسٹرڈ ہونے کی صورت میں ہر ایک جوائنٹ ہولڈر کو انفرادی طور پر بحیثیت ایک فائلر یا نان۔فائلر تصور کیا جائے گا اور کمپنی کی جانب سے ٹیکس کی کٹوتی ہر ایک جوائنٹ ہولڈر کی شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر کی جائے گی جیسا کہ وہ تحریری طور پر کمپنی کو اطلاع دیں گے۔ لہٰذا جوائنٹ ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈنگ کی تفصیل جمع کرائیں بصورتِ دیگر ہر ایک جوائنٹ ہولڈر کے بارے میں یہ تصور کرلیا جائے گا کہ وہ شیئر کی مساوی تعداد کا حامل ہو۔

iii) کسی استفسار/مسئلے/معلومات کے لئے انویسٹرز کمپنی اور/یا شیئر رجسٹرار سے درج ذیل فون نمبروں اور ای میل پتوں پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ کمپنی سیکریٹری کا رابطہ نمبر 32313471-90 (021) ایکسٹینشن: 9444 اور ای میل: amin.punjani@efuinsurance.com ہے جبکہ شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے رابطہ نمبر 0800-23275 اور ای میل info@cdcsrsl.com ہے۔

iv) سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) اپنے متعلقہ پارٹیسپینٹس کے ساتھ اپ ڈیٹ کریں جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی کاپی کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو ارسال کریں۔ شیئر ہولڈرز این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹس، جو بھی صورت ہو، کو ارسال کرتے وقت کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز کا اندراج لازماً کریں۔

۱۰۔ وڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے اجازت

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کی شقوں کے مطابق ممبران وڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ اس سلسلے میں براہِ مہربانی درج ذیل فارم بھریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر سالانہ اجلاسِ عام سے کم از کم ۱۰ دن قبل جمع کرادیں۔ اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر مقیم مجموعی طور پر ۱۰ فیصد یا زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کے ارادے کا نوٹس موصول ہوا تو کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کردے گی جو اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہوگا۔

میں/ہم _____ ساکن _____ بحیثیت ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ کا/کے ممبر، حامل _____ عمومی شیئرز بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر _____ بذریعہ ہٰذا وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کا/کے خواہشمند ہوں/ہیں۔

۱۱۔ غیر کلیم شدہ منافع منقسمہ

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۴ کی شقوں کے مطابق کمپنی کی جانب سے جاری کردہ کوئی بھی شیئرز یا اعلان کردہ منافع منقسمہ جو اپنے واجب الادا یا قابل ادائی ہونے کی تاریخ سے ۳ سال کی مدت کے لئے غیر کلیم شدہ/غیر ادا شدہ رہے ہوں ان کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ شیئر ہولڈرز کو ان کے کلیم داخل کرنے کے نوٹسز کے اجراء کے بعد وفاقی حکومت کے کریڈٹ کیلئے کمیشن کے ساتھ جمع کرادیئے جائیں۔ کمپنی کی جانب سے جاری کردہ ایسے شیئرز اور اعلان کردہ ایسے منافع منقسمہ کی تفصیل، شیئر ہولڈرز کو ۳ سال سے زائد عرصے قبل ارسال کئے گئے تھے اور واجب الادا ہیں، ان کی تفصیل کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردی گئی ہے اور حتمی نوٹس اخبار میں شائع کردیا گیا تھا۔ مقررہ وقت کے اندر کمپنی کے پاس کوئی کلیم جمع نہ کرائے جانے کی صورت میں غیر کلیم کردہ/غیر ادا شدہ رقم اور شیئرز کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۴ (۲) کی شقوں کے مطابق وفاقی حکومت کے پاس جمع کردیئے جائیں گے۔

---

efu GENERAL

ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ

جمعرات ۲۸ مارچ ۲۰۲۴ء کو صبح ۱۱:۳۰ بجے بمقام آئی ایس ای آڈیٹوریم، آئی ایس ای ٹاورز، B-55، جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد میں منعقدہ ۹۱ ویں سالانہ اجلاسِ عام میں
خصوصی کارروائی کیلئے پوسٹ کے ذریعے ووٹنگ کیلئے بیلٹ پیپر۔ ویب سائٹ: www.efuinsurance.com

فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر	
شیئر ہولڈر/پراکسی ہولڈر کا نام	
رجسٹرڈ ایڈریس	
موجودہ شیئرز کی تعداد	
سی این آئی سی/پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (کاپی منسلک کی جائے)	
اضافی معلومات اور منسلک دستاویزات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں)	
دستخط کنندہ کا نام	
سی این آئی سی/پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) مجاز دستخط (کاپی منسلک کریں)	

پول کے لئے ہدایات

۱۔ براہِ مہربانی متعلقہ خانے میں ٹک کے نشان (✓) کے ذریعے اپنے ووٹ کو واضح کریں۔

۲۔ دونوں خانوں کو ٹک کے نشان شدہ (✓) کرنے کی صورت میں آپ کا ووٹ ''**مسترد شدہ**'' تصور کیا جائے گا۔

میں/ہم بیلٹ کے ذریعے مذکورہ بالا قرارداد کے سلسلے میں اپنا/ہمارا ووٹ استعمال کرتے ہوئے درج ذیل مناسب خانے میں ٹک کے نشان (✓) لگا کر اس قرارداد کیلئے اپنی/ہماری رضامندی یا غیر رضامندی ظاہر کررہے ہیں۔

خصوصی قرارداد	میں/ہم خصوصی قرارداد پر رضامند ہیں (FOR)	میں/ہم خصوصی قرارداد پر اختلاف ہیں (AGAINST)
''قرار پایا کہ ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ (دی ''کمپنی'') کے ممبران کی اجازت حاصل کی جائے اور بذریعہ ہٰذا حاصل کی جاتی ہے جس کے مطابق کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۹۹ اور دیگر مروجہ شقوں کے مطابق اور کمپنی کو بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ ذیلی کمپنی ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ (''ای ایف یو لائف'') میں وقتاً فوقتاً ۱،۰۰۰،۰۰۰،۰۰۰ روپے (ایک بلین روپے صرف) کی سرمایہ کاری ہر ایک ۱۰/- روپے کی ظاہری مالیت کے عمومی شیئرز کی خریداری پر صرف کرے جو اسٹاک ایکسچینج میں خریداری کی تاریخ پر مقررہ نرخوں پر ممبران کے سامنے واضح کردہ شرائط وضوابط اور قرارداد کے مطابق کی جائے اور یہ خصوصی قرارداد کو منظور کرنے کی تاریخ سے ۳ سال کے مدت کیلئے کارآمد ہوگی۔'' **''مزید قرار پایا کہ مینجنگ ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر یا کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ انفرادی طور پر درج بالا سرمایہ کاری کو یقینی بنانے کیلئے تمام قانونی اور کارپوریٹ کارروائیوں کو پورا کرنے کے لئے مجاز ہیں۔''**		

نوٹ:

۱۔ باقاعدہ پُر شدہ بیلٹ پیپر چیئرمین، ۵ ویں منزل، ای ایف یو ہاؤس، ایم اے جناح روڈ، کراچی کو ارسال یا amin.punjani@efuinsurance.com پر ای میل کریں۔

۲۔ سی این آئی سی/پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک کی جائے۔

۳۔ بیلٹ پیپر چیئرمین کو بدھ ۲۷ مارچ ۲۰۲۴ء تک یا اس سے قبل اوقاتِ کار کے دوران پہنچ جائیں۔ اس تاریخ کے بعد موصولہ کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کیلئے قابل غور نہ ہوگا۔

۴۔ بیلٹ پیپر پر دستخط سی این آئی سی/پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) پر موجود دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔

۵۔ نامکمل، غیر دستخط شدہ، غیر واضح، کٹے پھٹے، اوور رائٹنگ کے حامل پول پیپر مسترد کردیئے جائیں گے۔

۶۔ کسی باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ لازماً مجاز شخص کے سی این آئی سی کی کاپی، بورڈ کی قرارداد/پاور آف اٹارنی/اختیارات کے لیٹر وغیرہ کی مصدقہ نقول وغیرہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشنز ۱۳۸ یا ۱۳۹ کے مطابق منسلک ہوں جیسا کہ نافذ العمل ہے۔ غیر ملکی باڈی کارپوریٹ کی صورت میں تمام دستاویزات ممبر کی حدود میں آنے والے کونسل جنرل آف پاکستان کی جانب سے تصدیق شدہ ہوں۔

۷۔ بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.efuinsurance.com پر بھی دستیاب ہیں۔ ممبران ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں یا اخبار میں شائع شدہ اشتہار کی فوٹو کاپی/یا اصل استعمال کرسکتے ہیں۔

_____

شیئر ہولڈر/پراکسی ہولڈر کے دستخط/مجاز دستخط کنندہ
(کارپوریٹ ادارے کی صورت میں براہِ مہربانی کمپنی کی اسٹمپ چسپاں کریں)

تاریخ _____